Economics - 9th Class Urdu Medium Economics Chapter 6

Q1. منڈی کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: اس سے مراد وہ تمام علاقہ یا جگہ ہے جہاں اشیاء بیچنے اور خریدنے والے آسانی سے براہ راس یا بالواستہ ایک دوسرے سے مل کر اشیاء کا سودا طے کرسکیں. منڈی کا بنیادی مقصد اشیاء کے لین دین کو ممکن بنانا ہوتا ہے.

Q2. غیر مکمل منڈی کی تعریف کریں.

Ans 1: اس قسم کی منڈی میں ایک ہی قیمت کا اصول کار فرما نہیں ہوتا . اس لیے اگر مکمل مقابلے کی منڈی کی شرائط نہ ہوں تو وہ غیر مکمل مقابلے کی مندی بن جاتی ہے. اس طرح کی منڈی میں ایک فرم اپنے انفرادی عمل سے قیمت کو تبدیل کرسکتی ہے

Q3. آزادانہ داخلہ اور اخراج سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نئے بیچنے والے کو منڈی میں داخلے کی مکمل آزادی ہو اور پہلے سے موجود بچینے والے کو منڈی چھوڑنے کی راہ میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو.

Q4. مکمل مقابلے کی منڈی کی شرائط بیان کریں.

Ans 1: خریداروں اور فروختکاروں کی کثرت: اس میں بیچنے اور خریدنے والوں کی بہت زیادہ تعداد ہوتی ہے اوران میں سے کوئی بھی انفرادی طور پر قیمت کو تبدیل نہیں کرسکتا تمام فرم منڈی میں رائج قیمت کو قبول کرتی ہے.

Ans 2: شے کی یکسانیت: تمام فرمیں ایک ہی معیار کی اشیأ پیدا کرتیں اس میں کسی قسم کا کوئی فرق ہو. یعنی شکل و صورت اور پیکنگ ایک ہی طرح کی ہو. اس بنیاد پر مصارف پیدائش یکساں ہوتے ہیں اور قیمت بھی ایک مقرر ہوجاتی ہے.

Q5. مکمل منڈی کی تعریف کریں.

Ans 1: مکمل منڈی میں ایک ہی قیمت کا اصول کار فرماہوتا ہے اور یہ صرف اسی صورت میں ممکن ہوسکتا ہے اگر چند شرائط پوری کی جائیں

Q6. پسے کی منڈی کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: "پسے کے مطابق" منڈی وہ جگہ ہے جہاں خریدار اور بیچنے والے واضح شناخت شدہ شے کے لین دین پر تبادلہ خیال کرتے ہیں."

Q7. عاملین پیدائش کی مکمل نقل پذیری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس کا مطلب ہے کہ عاملین پیدائش کو مکمل طور پر آزادی ہوتی ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوسکیں اگر عامل پیدائش کو کسی اور جگہ زیادہ معاوضہ ملتا ہو تو اس جگہ آسانی سے منتقل ہوسکے. اس نقل پذیری کی وجہ سے عاملین کے معاوضے تمام پیداواری شعبوں میں برابر کا رحجان رکھتے ہیں.

Q8. منڈی کا مفہوم کے بارے میں پروفیسر بہنہم کی تعریف بیان کریں.

Ans 1: "کوئی بھی ایسی جگہ جہاں خریدار اور بیچنے والے کے درمیان چاہے براہ راست یا ڈیلرز کے زریعہ سے اتنا قریبی تعلق ہو کہ منڈی کے ایک حصہ میں شے کی قیمت دوسرے حصے میں ادا شدہ قیمت پر اثر انداز ہو".

Q9. منڈی کی کتنی اقسام ہیں.

Ans 1: منڈی کی دو قسمیں ہیں.